دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کی رہائشی کوچنگ اکیڈمی کے اڑتیس طلبہ نے یو پی ایس سی سول سروسز امتحان دو ہزار پچیس میں کامیابی حاصل کی۔ کامیاب ہونے والوں میں پندرہ خواتین امیدوار شامل ہیں

New Delhi, March 6, 2026

نمایاں کامیابی رقم کرتے ہوئے رہائشی کوچنگ اکیڈمی (آرسی اے)، سینٹر فار کوچنگ اینڈ کیریئر پلاننگ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے اڑتیس امیدواروں نے یو پی ایس سی سول سروسز امتحان دو ہزار پچیس کے آج جاری کردہ نتائج میں امتیازی کامیابی حاصل کی ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ چار امیدواروں نے ٹاپ پچاس امیدواروں میں جگہ بنائی اور آل انڈیا سطح پر ساتواں، چودھواں، چوبیسواں اور انتیسواں مقام حاصل کر کے جامعہ کے ٹاپ پرفارمر بنے۔

اکیڈمی کے اڑتیس سے زیادہ امیدواروں نے امتحان میں کوالیفائی کرتے ہوئے مختلف آل انڈیا اور سینٹرل سروسز میں مقام حاصل کیا ہے۔ اس میں پندرہ خواتین امیدوار بھی شامل ہیں جس سے 'اسٹیل فریم آف انڈیا' کے اندر مساوات اور شمولیت کے فروغ میں جامعہ کے اہم کردار کی وضاحت ہوتی ہے۔

عزت مآب پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے کامیاب امیدواروں کو مبارک باد دی اور ان کی تربیت کے لیے کوشاں فیکلٹی اور انتظامی اسٹاف کی مخلصانہ کاوشوں کی ستائش کی۔ انہوں نے پروفیسر صائمہ بانو، پروفیسر انچارج، آرسی اے کے قائدانہ رول کی تعریف کی جن کی مدت کار میں جو گزشتہ ایک سال سے زیادہ کے عرصے پر محیط ہے اکیڈمی نے متعدد اہم تعلیمی اور مینٹورشپ اقدامات پر عمل آوری کی ہے۔

پروفیسر مظہر آصف نے کہا کہ ''پوری جامعہ برادری کی جانب سے میں تمام ہونہار امیدواروں کو دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں جنہوں نے ہمارا سر فخر سے بلند کیا ہے۔ جامعہ کی رہائشی اکیڈمی کوچنگ کے تربیت یافتہ طلبہ کی غیر معمولی کامیابی، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی سخت کاوش، استقلال اور عزم مصمم جو ملک کے سب سے مشکل امتحانات میں سے ایک میں کامیابی کے اہم اجزا ہیں کو طشت از بام کرتی ہے۔ ہندوستان کے انتظامی مشنیری میں اپنا تعاون دے کر اور سول سروسز امتحانات میں مستقبل کے رہنماؤں کی صیقل گری کے ساتھ ملک کی خدمت کے تئیں، جامعہ پابند عہد ہے۔''

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ نے کہا ''یہ یونیورسٹی کے لیے لمحہ افتخار ہے کہ بڑی تعداد میں طلبہ نے

بالخصوص خواتین نے اس باوقار امتحان میں کامیابی حاصل کی ہے۔ میری طرف سے تمام کامیاب طلبہ نیک خواہشات اور مبارک باد جنہوں نے اپنے دیرینہ خواب کو حقیقت میں تبدیل کیا اور جامعہ کی رہائشی اکیڈمی میں زیر تربیت مستقبل کے امیدواروں کے لیے سرچشمہ تحریک وتشویق بنے۔ مزید برآں میں جامعہ کے تدریسی وغیر تدریسی عملہ کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس شان دار کامیابی کے حصول میں انتھک کوششیں کیں۔''

پروفیسر صائمہ بانو، پروفیسر انچارج آرسی اے نے اس شان دار حصولیابی پر انتہائی مسرت وبہجت کا اظہار کیا۔ انہوں نے اس کامیابی کا سہرا طلبہ کی سخت کاوشوں کے ساتھ ساتھ جامعہ انتظامیہ کی مسلسل حوصلہ افزائی کو بھی دیا۔ انہوں نے ہر ہر قدم پر آرسی اے کو غیر مشروط تعاون اور مسلسل رہنمائی کے لیے عزت مآب شیخ الجامعہ جامعہ ملیہ اسلامیہ اور عالی وقار مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی خدمات پر زور دیا۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ